بسم اللہ الرحمن الرحیم

جو چیز نچوڑنے کے قابل ہو، اس کو بغیر نچوڑے پاک کیا جا سکتا ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

غیر مرئی نجاست کپڑے پر لگی ہو تو تین بار دھونے اور نچوڑنے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ سوال یہ ہے کہ کپڑا نچوڑنے کے قابل تو ہے مگر نچوڑنے سے چونکہ کپڑے جلدی خراب ہو جاتے ہیں اس لیے کوئی شخص کپڑا دھو کر بغیر نچوڑے سوکھنے کے لیے پھیلا دے، یونہی دوسری اور تیسری بار کرے، تو کیا کپڑا پاک ہو جائے گا یا نچوڑنے کے قابل ہونے کی وجہ سے نچوڑنا ہی ضروری ہے؟

جواب

جس چیز پر نجاست لگی، اگر اس کو نچوڑنا ممکن ہو جیسے کپڑا وغیرہ تو اس کے پاک ہونے کے لئے تین مرتبہ دھونے اور ہر مرتبہ دھونے کے بعد نچوڑنا ضروری ہے، بغیر نچوڑے محض خشک کر دینے سے کپڑا پاک نہیں ہو گا۔ ہاں اگر بہتے پانی میں دھویا تو اب نچوڑنے کی شرط نہیں، اتنا اطمینان کافی ہے کہ پانی نجاست کو بہا لے گیا۔ لہٰذا بغیر نچوڑے پاک کرنا ہو تو اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ مثلاً اسے نل کے نیچے رکھ کر دھویا جائے اور اتنا پانی بہایا جائے کہ نجاست زائل ہو جانے کا ظنِ غالب ہو جائے تو وہ پاک ہو جائے گا۔

بہار شریعت میں ہے: "دری یا ٹاٹ یا کوئی ناپاک کپڑا بہتے پانی میں رات بھر پڑا رہنے دیں پاک ہو جائے گا اور اصل یہ ہے کہ جتنی دیر میں یہ ظنِّ غالب ہو جائے کہ پانی نَجاست کو بہا لے گیا پاک ہو گیا کہ بہتے پانی سے پاک کرنے میں نچوڑنا شرط نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 399، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2665

تاریخ اجراء: 02 جمادی الاخریٰ 1447ھ/24 نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net